نیوز ریلیز

گمشدہ پیسے کے ڈیٹا بیس میں تلاش کرنے کی لاکھوں وجوہات ہیں

18 جولائی، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت غیر دعویٰ شدہ پیسے اور پراپرٹی کے مجموعی 154ملین ڈالر کے جائز مالکوں کی تلاش کر رہی ہے۔

البرٹا کی غیر دعویٰ شدہ پراپرٹی کی رجسٹری میں وہ رقم ہے جو گمشدہ، متروکہ یا بھلائی جا چکی ہے۔ رجسٹری میں اس وقت کیش کی صورت میں لاکھوں ڈالر، چَیک، منی آرڈرز اور دوسری غیر دعویٰ شدہ چیزیں ہیں جن کا تعلق ان لوگوں سے ہے جو غیر متوقع ادائیگی کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

البرٹا کی غیر دعویٰ شدہ پراپرٹی رجسٹری نے صرف 2023ء میں 650 افراد کو 1.4 ملین ڈالر واپس کئے تھے۔ رجسٹری میں تقریباً 350,000 انفرادی اشیاء کیلئے دعویٰ نہیں کیا گیا، بمع جن میں ایک کی قیمت 850,000 ڈالر سے زائد ہے۔ اگر دعویٰ کر لیا جاتا ہے، تو یہ اب تک کا سب سے بڑا واحد بیلنس ہوگا، جو صوبے نے ادا کیا ہو، 368,124 ڈالر کے موجودہ ریکارڈ سے تجاوز کرتے ہوئے، جو 2019ء میں اس کے جائز مالک کو واپس کیا گیا تھا۔

"کون ہے جو مُفت پیسہ پسند نہیں کرتا؟ البرٹا کی غیر دعویٰ شدہ پراپرٹی رجسٹری مُفت ہے اور اسے چَیک کرنا آسان ہے، اور رجسٹری کی فوری سرچ کسی کو ایسے پیسے سے دوبارہ ملانے میں مدد دے سکتی ہے جس کے بارے میں وہ یہ بھی نہ جانتے ہوں کہ وہ اس کے حقدار ہیں۔"

نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیرِ خزانہ

2008ء میں اپنی ابتدا سے، البرٹا کی غیر دعویٰ پراپرٹی رجسٹری 8,500 سے زائد مالکوں کو 13.8 ملین ڈالر واپس کر چکی ہے۔ غیر دعویٰ شدہ فنڈز کے وسائل میں غیر دعویٰ شدہ ڈیپازٹس، نہ لی جانے والی تنخواہیں، قرض کی زائد ادائیگیاں اور غیر فعال انویسٹمینٹ اکاؤنٹس سے غیر دعویٰ شدہ فنڈز ہیں۔

البرٹا کا غیر دعویٰ شدہ پراپرٹی پروگرام صوبے کے تابع اور زیرِ انتظام *غیر دعویٰ ذاتی پراپرٹی اور وابستہ پراپرٹی ایکٹ (Unclaimed Personal Property and Vested Property Act.)* کے تحت چلایا جاتا ہے۔ یہ ایکٹ مالکوں کو اپنی کھوئی ہوئی رقم کو داؤ پر لگانے اور اس کیلئے دوبارہ دعویٰ کرنے کیلئے 10 سال فراہم کرتا ہے، جس کے بعد پیسہ حکومت کے جنرل ریونیو فنڈ میں ٹرانسفر کیا جاتا ہے تاکہ البرٹنز کیلئے پروگراموں اور خدمات کی ادائیگی میں مدد مل سکے۔

افراد البرٹا کی غیردعویٰ شدہ پراپرٹی رجسٹری مِسِنگ مَنی ویب سائٹ (MissingMoney website) پر تلاش کر سکتے ہیں، یہ البرٹا اور دوسرے شمالی امریکہ کے دائرہ اختیار میں استعمال کیا جانے والا ایک پورٹل ہے جو متعدد دائرہ ہائے اختیارات میں سرچز کی اجازت دیتا ہے۔

متعلقہ معلومات

- غیر دعویٰ شدہ پراپرٹی (Unclaimed property)
- MissingMoney.com

میڈیا انکوائریز

جَسٹِن بریٹنگا (Justin Brattinga)

587-357-2956
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فنانس